خواتین انڈر19 ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کل سے شروع ہو گا۔

- فاتح ٹیم کو پانچ لاکھ روپے کی انعامی رقم ملے گی۔

لاہور12 ستمبر،2023:

خواتین کا انڈر19 ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ بدھ کے روز سے لاہور کنٹری کلب، مریدکے میں شروع ہو گا جس میں پانچ ٹیمیں حصہ لیں گی جنہیں چیلنجرز۔ کانکررز۔ انونسی بلز۔ اسٹارز اور اسٹرائیکرز کے نام دیے گئے ہیں۔ ٹورنامنٹ میں نوجوان کرکٹرز کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع ملے گا۔

نو روز جاری رہنے والا یہ ٹورنامنٹ راؤنڈ رابن لیگ کی بنیاد پر کھیلا جائے گا جس میں ہر ٹیم چار لیگ میچ کھیلے گی اور اس کا فائنل 21 ستمبر کو ہو گا۔

یہ ٹورنامنٹ نوجوان کھلاڑیوں کو قومی انڈر19 ٹیم تک آنے کا بھرپور موقع فراہم کرے گا جسے جنوری 2024ء میں بنگلہ دیش کا دورہ کرنا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے اس ٹورنامنٹ میں کیش ایوارڈز بھی متعارف کرائے ہیں۔ فاتح ٹیم کو پانچ لاکھ روپے کی انعامی رقم ملے گی جبکہ رنر اپ ٹیم تین لاکھ روپے کی حقدار ہو گی۔ ہر میچ کی بہترین کھلاڑی کو دس ہزار روپے جبکہ پلیئر آف دی

ٹورنامنٹ کو پچیس ہزار روپے ملیں گے جبکہ ٹورنامنٹ کی بہترین بیٹر۔ بہترین بولر اور بہترین وکٹ کیپر کو حوصلہ افزائی کے لیے کٹ بیگ دیے جائیں گے۔

قومی خواتین سلیکشن کمیٹی نے سلیم جعفر کی سربراہی میں پانچوں ٹیموں کے اسکواڈز کو حتمی شکل دے دی ہے ہر اسکواڈ چودہ کھلاڑیوں پر مشتمل ہو گا۔ یہ سلیکشن پورے ملک میں منعقدہ اوپن ٹرائلز کے بعد کیا گیا ہے جو آٹھ مختلف اکیڈمیز میں ہوئے تھے۔

گیارہ کھلاڑیوں کو ریزرو میں رکھا گیا ہے۔ وہی کھلاڑی اس ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کی اہل ہیں جو یکم ستمبر 2004 کو یا اس کے بعد پیدا ہوئی ہیں۔

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP
Pathway Cricket Programme
engro Cricket Coaching Project

Broadcast & Live Streaming Partners
WILLOW FLOW SPORTS sky sports SuperSport etisalat FOX SPORTS sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial